# خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

## تقریر برائے جماعت پنجم تھرڈ ٹرم

سلام اس ذات اقدس پر کہ حامی ہے یتیموں کی

سلام اس جان اطہر پر جو رکھوالی ہے غریبوں کی

سلام اس پر غلاموں کو عطا کی جس نے سلطانی

سکھائے جس نے مظلوموں کو راز جہاں فانی

محترم اساتذہ کرام اور عزیز ساتھیو ! السلام علیکم ! میری آج کی تقریر کا عنوان ہے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

ہمارے پیارے نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ کو اللہ نے ساری دنیا کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ آپ ﷺ نے ہمیں سچ بولنا، نماز پڑھنا بڑوں کی عزت کرنا اور سب کے ساتھ اچھا سلوک کرنا سکھایا۔

آپ ﷺ بچپن سے ہی سچے ایماندار اور نیک تھے۔ لوگ آپ کو " صادق " اور " امین " کہتے تھے۔

پیارے نبی ﷺ یتیموں سے پیار کرتے، غریبوں کی مدد کرتے، اور کسی کو بھی تکلیف نہیں دیتے تھے۔ آپ ﷺ ہمیشہ نرم بات کرتے اور کسی کو برا نہیں کہتے تھے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ ہستی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے پوری انسانیت کے لیے ہدایت محبت اور رحمت بنا کر بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی سچائی امانت صبر اور عدل کی روشن مثال ہے

قرآن مجید میں فرمایا

وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ "

( سورہ القلم (4)

"ترجمہ : اور بے شک آپ ﷺ عظیم اخلاق کے مالک ہیں۔

حضرت محمد ﷺ پوری دنیا کے لیے رحمۃ اللعالمین بنا کر بھیجے گئے۔۔ آپ ﷺ کی زندگی کا ہر پہلو انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔

جناب صدر

آپ ﷺ نے مکہ کی وادیوں میں آنکھ کھولی اور اپنی سچائی امانت داری اور نرم مزاجی کی وجہ سے "الصادق" اور "الامین" کہلائے۔ آپ ﷺ نے کبھی کسی سے بدلہ نہیں لیا، بلکہ معاف کر دینا صبر کرنا، اور لوگوں کو محبت سے سمجھانا آپ کی سیرت کا خاصہ تھا۔

جب آپ ﷺ کو نبوت ملی تو آپ نے توحید، عدل، اور رحم کا پیغام دیا۔ کفر، ظلم اور جاہلیت کے اندھیروں میں آپ ﷺ نے روشنی پھیلائی۔ دشمنوں کو دوست بنایا غلاموں کو عزت دی، عورتوں کو مقام دیا، اور یتیموں مسکینوں، اور مظلوموں کا سہارا بنے

! عزیز ساتھیو

ہم سب کو چاہیے کہ ہم پیارے نبی ﷺ کی سنت پر عمل کریں۔ سچ بولیں، نماز پڑھیں ماں باپ کی بات مانیں اور دوسروں کی مدد کریں۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں پیارے نبی ﷺ سے سچی محبت عطا فرمائے

اور ہمیں ان کی سنت پر چلنے کی توفیق دے۔ آمین

وہ دانائے سبل ختم الرسل مولائے کل جس نے غبارِ راہ کو بخشا فروغ وادی سینا

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر وہی قرآن، وہی فرقان، وہی یسین، وہی طہٰ

والسلام